الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

MODE: **Regular**

Name	: **fazalnaeem**	Serial No	: **18531**
Address	: **saudi arabia**	Date	: **2/1/2013**
Subject	: **IT**	Contact No:	
Writer	: خانزادہ	Email	:

assalamo alikum.

jabab main ye pochna chahta ho ke main saudi arabia main ho awar mera kaam saudian logo ko garo main internet ki saholat mohaya karna hain .

1. kia mera ye kaam islami nuqta ye nazar main kaisa hain.

2.main azaad kaam kar sakta ho matlab agar main ye kaam na karo to dusra kaam bhi kar sakta hoon.

jawab daikar mashkoor farmaway.

السلام علیکم. جناب میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ میں سعودیہ عرب میں ہوں اور میرا کام سعودین لوگوں کو گھروں میں میں انٹرنیٹ کی سہولت مہیا کرنا ہے

(۱) کیا میرا یہ کام اسلامی نقطۂ نظر میں کیسا ہے؟

(۲) میں آزاد کام کر سکتا ہوں مطلب اگر میں یہ کام نہ کروں تو دوسرا کام بھی کر سکتا ہوں؟ جواب دیکر مشکور فرمائیں

الجواب حامداً ومصلیاً

محض انٹرنیٹ سروس مہیا کرنا اور اس کا جائز استعمال کرنا دونوں جائز ہیں اس خدمت کی اجرت بھی جائز اور حلال ہے۔ البتہ کسی کے متعلق پہلے سے یقینی طور پر معلوم ہو جائے کہ وہ اس کو ناجائز اور غلط کاموں میں استعمال کریگا تو اس شخص کو یہ سہولت مہیا کرنا اور اس پر اجرت لینا بھی جائز نہیں بلکہ ناجائز و حرام ہوگا۔ جبکہ سائل اگر اس کام کو چھوڑ کر دوسرا کوئی کام کرنا چاہے تو کر سکتا ہے۔

فی بدائع الصنائع: ومن استأجر حمالاً یحمل له الخمر فله الأجر فی قول أبی حنیفة وعند أبی یوسف ومحمد لا أجر له (الی قوله) ولأبی حنیفة أن نفس الحمل لیس بمعصیة بدلیل أن حملها للاراقة والتخلیل مباح وکذا لیس بسبب للمعصیة وهو الشرب لأن ذلک یحصل بفعل فاعل مختار ولیس الحمل من ضرورات الشرب فکانت سببا محضا فلا حکم له کعصر العنب وقطفه والحدیث محمول علی الحمل بنیة الشرب وبه نقول أن ذلک معصیة (ج ٤ ص ١٩٠) - واللہ اعلم

خانزادہ عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی ۱۶
۲۳ شعبان المعظم ۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۵ / ۸ / ۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ [illegible]
۲۳ شعبان ۱۴۳۳ھ

۱۸۵۳۱
۱۴۳۳/۸/۲۳

16/7/13